پریس انفارمیشن بیورو، گورنمنٹ آف انڈیا

مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لئے سکیورٹی کمیشن کا قیام

نئی دلّی/12 مارچ، وزارت داخلہ نے اس ماہ کے اوائل میں سپریم کورٹ کی ہدایات کے بموجب مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لئے ایک سکیورٹی کمیشن قائم کیا ہے۔

یہ کمیشن درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے۔

(i) مرکزی داخلہ سکریٹری۔۔۔۔۔۔۔ چیئرمین

(ii) چیف سکریٹری، دلّی۔۔۔۔۔۔۔ رکن

(iii) چیف سکریٹری انڈمان ونکوبار جزائر۔۔ رکن

(iv) چیف سکریٹری، پڈوچیری۔۔۔۔ رکن

(v) کمشنر آف پولیس، دلّی۔۔۔۔۔۔ رکن

(vi) مرکز کے زیر انتظام علاقوں دیگر نمائندگان (میٹنگ کے ایجنڈے اور حاجت کے مطابق)۔۔۔۔۔۔۔ رکن

(vii) 5 آزاد اراکین، جنہیں مرکزی سرکار نامزد کرے گی۔۔۔۔۔ رکن

(viii) جوائنٹ سکریٹری (یو ٹی) ایم ایچ اے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کنوینر

مرکزی سرکار کی جانب سے نامزد کئے گئے آزاد اراکین کی مدت کار دو سال کے لئے ہوگی۔

یہ کمیشن حکمت عملی کے وسیع رہنما خطوط تشکیل دے گا، جس میں قانون پر عمل آوری اور کارکردگی کی تشخیص کے ذریعے پولیس محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ محکمۂ پولیس کو مزید موثر اور جوابدہ بنایا جا سکے۔

(غ ع۔ش ی۔ع ا۔10 - 03 - 12)

U. No. 904

SECURITY COMMISSION FOR UNION TERRITORIES SET UP

16:16 Hours